کتب خانہ سرکاری

V

SIGN
OF VICTORY

Rampur State Gazette.

EXTRA ORDINARY.

اسٹیٹ گزٹ رامپور

بحکم ہز ہائی نس اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۴۱} مطبوعہ روز سہ شنبہ بتاریخ ۲۲ رمضان المبارک ۱۳۶۰ھ مطابق ۱۴ اکتوبر ۱۹۴۱ء {جلد ۵۲

گزٹ غیر معمولی

احکام اجلاس عالیہ مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

۱	منظوری اشاعت اعلان باطلاع فروختگی نوٹ بنک آف انگلینڈ	۲ و ۳
۲	منظوری اشاعت اعلان بابت ازادی بہ مضمون مندرجہ نوٹیفکیشن مجریہ ڈیفنس کوآرڈنیشن ڈپارٹمنٹ بہ قواعد تحفظ ہند	۳

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم

واقع ۹ اکتوبر ۱۹۴۱ء۔

ایک قطعہ اعلان مشمولہ ہذا کی گزٹ ریاست رامپور میں شائع کئے جانے کی منظوری دیجاتی ہے،

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

ایک نقل بغرض اشاعت گزٹ غیر معمولی مطبع کو بھیجی جائے

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

اعلان

حسب اختیارات تحت قاعدہ ۹۲ تحتی قاعدہ (۲) قواعد تحفظ ہند ریاست رامپور گورنمنٹ رامپور حکم صادر کرتی ہے کہ جس شخص کے پاس بنک آف انگلینڈ (Bank of England) کے نوٹ موجود ہوں۔ اس کو لازم ہے کہ وہ تاریخ اشاعت اعلان ہذا سے دو ماہ کے اندر ریزرو بنک آف انڈیا (Reserve Bank of India) کی بمبئی کلکتہ۔ مدراس کراچی لاہور یا دہلی کی کسی شاخ میں بشرح مقررہ فی پونڈ فروخت کردے۔

مگر شرط یہ ہے کہ اعلان ہذا کا اطلاق حسب ذیل اشخاص سے نہ ہوگا۔

(الف) ایسے اشخاص جو کہ بیرون ہند کے سکہ جات کے تبادلہ کا کاروبار کرتے ہیں۔ اور ان کو ریزرو بنک (Reserve Bank) نے اس بارہ میں اختیار دیا ہو۔

(ب) ایسے گذرنے والے مسافر جن کو بنک آف انگلینڈ (Bank of England) کے نوٹ اندرون ریاست لانے کے اختیارات ریزرو بنک آف انڈیا (Reserve Bank of India) کی عام یا خاص اجازت کے تحت حاصل ہیں۔

(ج) ایسے اشخاص جو ریزرو بنک آف انڈیا کو اس امر کا اطمینان دلادیں کہ تحت قاعدہ ۹۱ تحتی قاعدہ (۴) قواعد ہذا ان کو بنک آف انگلینڈ (Bank of England) کے نوٹ اپنے قبضہ میں رکھنا ضروری ہیں۔

ذریعہ اعلان ہذا اس امر کی بھی اطلاع دی جاتی ہے کہ اگر بنک آف انگلینڈ کے نوٹ

برطانوی ہند میں لے جائے جائیں تو لازم ہے
کہ ان کو بطریق متذکرۂ بالا ۴ر نومبر ۱۹۴۱ء
تک فروخت کر دیا جائے۔ مگر شرط یہ ہے
کہ اس کا اطلاق فقرات (الف) و (ب)
و (ج) مندرجہ بالا سے نہ ہوگا۔

حکم

واقع ۹ر اکتوبر ۱۹۴۱ء

ایک قطعہ اعلان مشمولہ ہذا کی گزٹ
ریاست رامپور میں شائع کئے جانے کی منجانب
گورنمنٹ رامپور منظوری دی جاتی ہے۔

حکم ہوا کہ۔

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری
ہوں۔ ایک نقل بغرض اندراج گزٹ مطبع کو
بھیجی جائے۔ اصل کاغذات بعد اجرائے
احکام محکمہ دار الانشاء کو واپس بھیجے
جائیں۔

دستخط عالی رتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

اعلان

باستعمال اختیارات محکومہ دفعہ ۲
قانون تحفظ ہند ریاست رامپور گورنمنٹ رامپور
قواعد تحفظ ہند کے قاعدہ ۱۵۱ الف کے بعد
۱۵۱ (د) کی ایزادی بمضمون مندرجہ نوٹیفکیشن

نمبری ۱۰۸۔ ایس ایم ام مورخہ ۶ر ستمبر ۱۹۴۱ء
مجریہ ڈیفنس کوآرڈینیشن ڈپارٹمنٹ گورنمنٹ
ہند منظور کرتی ہے۔